Phone: 9243220
9243131-7/2394

# FACULTY OF ISLAMIC STUDIES

UNIVERSITY OF KARACHI
KAR.-75270

Dated Oct.08.2003

DEAN

**PROF.DR.ABDUL RASHID**

## پیغام

کلیہ معارف اسلامیہ 1964ء میں قائم ہوا، بحیثیت رئیس کلیہ نومبر 1998ء کو جس وقت میں نے کلیہ کی ذمہ داری قبول کی اس وقت کلیہ صرف ایک شعبہ ''علوم اسلامی'' پر مشتمل تھا۔

ساتھیوں سے کلیہ کی ترقی، توسیع اور تعمیر کے حوالہ سے مشاورت کے بعد کوششیں شروع کر دیں اور شیخ الجامعہ کی خصوصی توجہ سے ابتدائی طور پر دو نئے شعبہ جات ''القرآن والسنۃ'' اور ''اصول الدین'' کا قیام عمل میں آ گیا۔ کلیہ کے لئے ایک نئی کمپیوٹر لیب، سیمینار لائبریری کی توسیع، کانفرنس ہال اور دو عدد سرسبز لان کی تعمیر کے ساتھ ساتھ کلیہ کے تحقیقی مجلّہ کی طباعت کا اہتمام بھی کیا گیا جس کے پانچ شمارے طبع ہو چکے ہیں نیز کلیہ میں ایک نیا شعبہ ''شعبہ مطالعہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم'' کے قیام کی منظوری سینڈیکیٹ دے چکی ہے جس کا سہرا موجودہ فعال شیخ الجامعہ پروفیسر ڈاکٹر ظفر سعید سیفی اور ممبران سنڈیکیٹ کے سر ہے۔

مجھے یہ جان کر مسرت ہوئی کہ ان نئے شعبہ جات میں سے ایک شعبہ ''القرآن والسنۃ'' درس و تدریس کے فرض کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ اپنا تحقیقی مجلّہ ''احیاء العلوم'' کی اشاعت کا اہتمام کر رہا ہے جو کہ تحقیق کے میدان میں نہ صرف ایک عمدہ اضافہ بلکہ کلیہ کے دیگر شعبہ جات کے لئے ایک قابلِ تقلید نمونہ بھی ہے۔ میں اس علمی و تحقیقی کاوش پر شیخ الجامعہ پروفیسر ڈاکٹر ظفر سعید سیفی کو خصوصی طور پر خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں کہ جن کی نظر کرم سے یہ سب کچھ ممکن ہوا۔

برادرم پروفیسر ڈاکٹر فضل احمد چیئرمین شعبہ القرآن والسنۃ بھی مبارکباد کے مستحق ہیں کہ جو دن رات ایک کر کے اس تحقیقی کاوش کو عملی جامہ پہنا رہے ہیں۔ بلاشبہ ڈاکٹر فضل احمد ہمارے کلیہ کا ایک اثاثہ ہیں۔

دعا ہے کہ ان کی نگرانی میں شعبہ مزید ترقی کرے اور تعلیم و تحقیق کا جو سلسلہ شروع کیا گیا ہے وہ جاری و ساری رہے۔

(آمین)

**(عبدالرشید)**

e.mail: dfis@ku.edu.pk
Http: //www.ku.edu.pk
Http: //www.fisku.edu.pk